22185-کیا ہاسپٹل کے شعبہ حادثات اورایمرجنسی کا ملازم نمازجمعہ ترک کرسکتا ہے ؟

سوال

میں ہاسپٹل میں ملازم ہوں اور جمعہ کے روز میری ڈیوٹی شعبہ حادثات اورایمرجنسی میں ہوتی ہے میں اورڈاکٹر ہی ہوتے ہیں توکیا مجھ پر نمازجمعہ واجب ہے یا نہیں، کیونکہ ایمرجنسی چوبیس گھنٹے کھلی رہتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر توہاسپٹل
میں آپ کی ڈیوٹی کا تقاضہ یہ ہے کہ آپ نمازجمعہ کے وقت بھی ڈیوٹی پر حاضر رہیں تا
کہ کسی ایمرجنسی سے نپٹ سکیں توآپ کے لیے ہاسپٹل میں رہنے میں کوئی حرج نہیں، اس
حالت میں آپ نمازجمعہ ترک کرنے میں معذورہونگے، اور آپ نمازظہرچار رکعت ادا
کرینگے۔